11/01/2026

09.25 AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے -

خبروں کا بلٹن لیکر مینشیخ انورالحق

PM

وزیر اعظم نریندر مو دی گجرات کے تین روزہ دورے پر گئے ہوئے ہیں۔

آج وہ وہاں سومناتھ سوابھیمان پرو میں شرکت کر کے اُن بہادروں کو خراج عقیدت ادا کریں گے جنہوننے ایک ہزار قبل آج کے دن مندر پر کئے گئے پہلے حملے کے دوران اس کے دفاع میں اپنی جانیں قربان کی تھیں۔

وزیر اعظم شوریہ یاترا میں بھی حصہ لیں گے۔

ڈائیلاگ

قومی راجدھانی نئی دلی میں جا ری وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ کا آج تیسرا دن ہے۔ یہ مذاکرہ کل 12جنوری تک جا ری رہے گا۔

اختتامی تقریب میں وزیر اعظم نریندرمودی بھی شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ قومی سطح کے اس پروگرام میں جمونو کشمیر سے تعلق رکھنے والے53نوجوان بھی شریک ہیں۔

LGملاقات

بلدیو راج شرما نے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات MLAشری ماتا ویشنو دیوی حلقے کے کر کے ان کے ساتھ حالیہ ناگہانی آفات کے دوران اپنے حلقے میں متاثرہ کنبوں کی بازآبادکاری کے معاملے پر گفت شنید کی۔

موصوف کے ہمراہ ریاسی کے ضلع ترقیاتی کونسل کے چیرمین صراف سنگھ ناگ بھی MLA تھے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر کے مالی چلینجوں کی چارہ جوئی کے لئے ایک مضبوط ادارہ جا تی تعاون پر زور دیا ہے۔ وہ نئی دلی میں مرکزی وزیر خزانہ کی صدارت میں منعقدہ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے ایک پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے بول رہے تھے۔

عمر عبداللہ نے جموں و کشمیر کےلئے2026-27کے مرکزی بجٹ کے بارے میں بعض اہم پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔

ستیش شرما

کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے جموں و کشمیر میں کھیل کود کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر کےلئے مرکز سے بڑے پیمانے پر مالی تعاون طلب کیا ہے۔

انہوںنے نئی دلی میں کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ سے ملاقات کے دوران ستیش شرما نے جموں و کشمیر کو کھیل کود کے ایک مرکز میں بدلنے کےلئے مرکزی وزیر کو ایک جامع میمورنڈم پیش کیا۔

سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔ زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کے تعلق سے محکمہ سیاحت کشمیر کے ڈائریکٹر سید قمر سجاد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

اس دوران وادی کی سرمائی سیاحت پر آئے کئی سیاحوں نے یہاں کی قدرتی خوبصورتی اور لوگوں کی مہمان نوازی کے بارے میں اپنے تجربات کا یوں اظہا رکیا۔

....

ڈیٹ شیٹ

جموں و کشمیر بورڈ آف سکول ایجوکیشن نے جموں کے سمر زون کے لئے دسویں جماعت کے سالانہ ریگولر امتحانات (فروری مارچ سیشن) کی ڈیٹ شیٹ مشتہر کی ہے۔

یہ امتحانات17فروری سے شروع ہونگے۔

پولیس

جمونوکشمیرپولیس نے سرینگر شہر کے کئی ہوٹلوں، گیسٹ ہاؤسز اورہوم سٹیز کا معائینہ کیا تاکہ قانونی لوازمات کی تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس دوران کئی ہوٹلوں کو بنا رجسٹریشن کے پایا گیا۔جن کے خلاف جرمانہ عائد کیا گیا۔

مشتاق احمد چودھری نے ایک سکیورٹی SSP شوپیان میں یوم جمہوریہ کے پیش نظر ضلع کے جائزہ میٹنگ کے دوران ضلعے میں پولیس نگرانی اور گشت کو مزیدسخت بنانے پر زور د یا ہے۔

فراڈ معاملے میں ملوث درنگہ بل بارہمولہ کے ATM پولیس نے بڈگام کے ماگام علاقے میں ایک عبد ل نعیم خان نامی ملزم کو گرفتار کیا ہے۔

پولیس نے اونتی پورہ میں غیر قانونی طور جا ری کان کنی کے خلاف مہم تیز کر تے ہوئے لدھو کھریو سے چار گاڑیوں کو ضبط کیا ہے۔

کتاب میلہ

نئی دلی کے بھارت منڈپم میننیشنل بُک ٹرسٹ اور وزارت تعلیم کی طرف سے نئی دہلی ورلڈ بُک فیئر2026 کا 53واں شمارہ جا ری ہے ۔اس 9 روزہ میلے میں 35ممالک سے تعلق رکھنے والے ایک ہزار سے زائد ناشِر شرکت کرکے اپنی کتابوں کی نمائش کر رہے ہیں۔

ہے ۔ یہ ایک ڈیجیٹل لائبریری ہے جس e-pustakalaya اس سال اس میلے کا اہم جُز راشٹریہ کے ذریعے لوگونکوچھ ہزار ای کتابوں تک مفت رسائی حاصل ہوگی ۔

Winter

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی5 اعشاریہ2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت4 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ

....

....

......